# محمد رضوان اور ٹم ڈیوڈ نے ملتان سلطانز کو مسلسل پانچویں کامیابی دلادی

**کراچی، 5 فروری 2022ء:**

کراچی میں جاری ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے پہلے مرحلے میں ملتان سلطانز نے مسلسل پانچویں کامیابی حاصل کرلی ہے۔ فاتح ٹیم کے کپتان محمد رضوان اور آلراؤنڈر ٹم ڈیوڈ کی دھواں دھار بلے بازی کی بدولت ملتان سلطانز نے پشاور زلمی کو 57 رنز کے بھاری مارجن سے شکست دے دی۔

نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے میچ میں پشاور زلمی کی ٹیم 223 رنز کے تعاقب میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 165 رنز ہی بنا سکی۔ آلراؤنڈر بین کٹنگ اور اوپنر حضرت اللہ ززائی کے علاوہ پشاور زلمی کا کوئی بھی بیٹر ملتان سلطانز کے باؤلرز کے سامنے مزاحمت نہ کرسکا۔

بین کٹنگ نے 52 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ ان کی اننگز میں 5 چھکے اور 3 چوکے شامل تھے۔ حضرت اللہ ززائی نے پانچ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 43 رنزاسکور کیے۔

شاہنواز دھانی اور عمران طاہر نے تین تین وکٹیں حاصل کیں۔

اس سے قبل پشاور زلمی نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تو ملتان سلطانز نے کپتان محمد رضوان اور ٹم ڈیوڈ کی شاندار بلے بازی کی بدولت مقررہ 20 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 222 رنز بنائے۔

شان مسعود کے ہمراہ 85 رنز کی شراکت سے اننگز کا آغاز کرنے والے کپتان محمد رضوان نے 53 گیندوں پر ایک چھکے اور 8 چوکوں کی بدولت 82 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی۔ شان مسعود 35 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

اختتامی اوورز میں ٹم ڈیوڈ نے چھکوں کی برسات کرکے ٹیم کا مجموعہ 200 کے پار پہنچادیا۔ انہوں نے 6 چھکوں اور 2 چوکوں کی مدد سے 19 گیندوں پر 51 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ خوشدل شاہ بھی تین چھکے لگا کر 21 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

شعیب ملک، عثمان قادر اور سلمان ارشاد نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4